Total printed Page: 8]   Roll No...............

MAUL-203

Dastan, Drama, Novel & Afsana

M.A. Urdu (MAUL-12/16/17)

Second Year Examination, 2019

Time : 3 Hours   Max. Marks : 80

ہدایت:۔ یہ پرچہ تین حصوں الف، ب اور ج پر منقسم ہے۔ تینوں حصوں کے

سوالوں کے جواب حسب ہدایت تحریر کیجئے۔

(حصہ الف)

مندرجہ ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے۔ ہر سوال کے

نمبر 19 ہیں۔   19x2=38

1۔ اقتباسِ ذیل کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے۔

یہ باتیں نہ لاناز باں پر کبھی

فقیروں سے اچھی نہیں دل لگی

بڑا وہ مرا د دینے والا ہوا

خوشامد سے منہ تیرا کالا ہوا

فقیروں کو دولت کی پروا نہیں

یہاں ہر افضال سے کیا نہیں

جو گانے کو راجا طلب گا رہے

تو یاں کس کو چلنے میں انکار ہے

2۔ اقتباس ذیل کی تشریح مع سیاق و سباق کے کیجئے۔

گوبر نے گھر پہنچ کر وہاں کی حالت دیکھی تو ایسی مایوسی ہوئی کہ اسی وقت واپس چلا جائے۔ گھر کا ایک حصہ گرنے کے قریب تھا۔ دروازے پر صرف ایک بیل بندھا ہوا تھا اور وہ بھی ادھ مرا سا۔ دھنیا اور ہوری دونوں خوشی سے پھولے نہ سمائے مگر گوبر کا جی اُچاٹ تھا۔ اب اس گھر کے سنبھلنے کی کیا امید ہے؟ وہ غلامی کرتا ہے مگر پیٹ بھر کھاتا تو ہے۔ صرف ایک ہی مالک کا تو نوکر ہے۔ یہاں تو جسے دیکھو رعب جماتا ہے۔ غلامی ہے مگر خشک محنت کرکے اناج پیدا کرو اور جو روپے ملیں اسے دوسرے کو دے دو اور آپ بیٹھے ہوئے رام رام جپو۔ دادا ہی کا کلیجہ ہے کہ یہ سب سہتے ہیں۔

3۔ اردو ڈرامے کا پس منظر بیان کرتے ہوئے اس کے ارتقا اور موجود صورتحال کا جائزہ لیجئے۔

4۔ ”رانی کیتکی کی کہانی“ کے سبب تصنیف کا ذکر کرتے ہوئے اس کی ادبی ولسانی خصوصیات قلم بند کیجئے۔

(حصہ ب)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سوالوں میں سے کنہی چار کے جواب تحریر کیجئے۔

8x4=32

1۔ پریم چند کی افسانہ نگاری کے امتیازات صراحتاً روشن کیجئے۔

2۔ ”باغ و بہار ان کتابوں میں سے ہے جو ایک بار تخلیق ہو کر پھر نہیں مرتیں“ اس اجمال کی تفصیل بیان کیجئے۔

3۔ اردو ادب میں ’اندر سبھا‘ کی ادبی اہمیت کیا ہے، واضح کیجئے۔

4۔ ”الجھاوے“ کی روشنی میں ابراہیم یوسف کے ڈرامے کی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

5۔ سجاد حیدر یلدرم کی تصنیف ''سودائے سنگیں'' پر ایک عمومی تبصرہ سپرد قلم کیجئے۔

6۔ 'کفن' میں پریم چند نے فن اور موضوع کا حسین امتزاج پیش کیا ہے۔اس بیان کا محاسبہ کیجئے۔

7۔ امراؤجان ادا پر ایک جامع اور مدلل تنقیدی نوٹ لکھئے۔

8۔ باغ و بہار مرزا رجب علی بیگ سرور کی کتاب فسانہ عجائب سے کیوں کر مختلف ہے؟ اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(حصہ ج)

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل تمام سوالوں کے صحیح جواب کی نشان دہی کیجئے۔

10x1=10

1۔ امراؤجان ادا کے بچپن کا کیا نام تھا؟

(الف) امیرن (ب) نادرہ

(ج) ثریا (د) دل آرام

2۔ بدھیا کس افسانے کا کردار ہے؟

(الف) آنندی (ب) کفن

(ج) لاجونتی (د) چوتھی کا جوڑا

3۔ 'الجھاوے' کس کا ڈرامہ ہے؟

(الف) مجیب (ب) آغا حشر

(ج) امانت (د) ابراہیم یوسف

4۔ 'جوگی مہندر گیر' کس داستان کا کردار ہے؟

(الف) رانی کیتکی کی کہانی (ب) سب رس

(ج) باغ و بہار (د) فسانہ عجائب

5۔ بیدی کی کہانی 'لاجونتی' کا اصل موضوع کیا ہے؟

(الف) ہجرت (ب) فسادات

(ج) طوائف (د) ظلم و تشدد

6۔ فسانۂ عجائب کا سب سے دور اندیش اور قابل توجہ کردار کون ہے؟

(الف) جان عالم (ب) ماہ طلعت

(ج) انجمن آراء (د) مہر نگار

7۔ 'سبز پری' کس ڈرامے کا کردار ہے؟

(الف) اندر سبھا (ب) سلور کنگ

(ج) آزمائش (د) الجھاوے

8۔ رجب علی بیگ سرور کا مدفن کہاں ہے؟

(الف) لکھنؤ (ب) کانپور

(ج) فیض آباد (د) بنارس

9۔ اردو کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(الف) مجالس النساء (ب) مراۃ العروس

(ج) بنات النعش (د) توبۃ النصوح

10۔ خیالستان کس کی تخلیق ہے؟

(الف) عصمت چغتائی (ب) سجاد حیدر یلدرم

(ج) پریم چند (د) منٹو

*****